آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 19 | بروز بدھ 28 جنوری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 288

تیراہ لوگوں کی نقل مکانی برفباری کی وجہ سے ہو رہی ہے فوجی آپریشن کے باعث نہیں

خواجہ آصف

صوبائی حکومت کے بعض عناصر اس معاملے کو متنازع بنا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ سویلین حکومت اور جرگہ مل کر مسئلہ حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جبکہ صوبائی حکومت اپنی نااہلی چھپانے کے لیے ایک ایسے آپریشن کو مورد الزام ٹھہرا رہی ہے جس کا وجود ہی نہیں۔ وزیر دفاع

وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے اس موقع پر برطانوی دور کے آفیشل گزٹیئرز کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ 1880 میں بھی لکھا گیا تھا کہ خیبر کے آفریدی اور اکاخیل قبائل سردیوں میں

تیراہ ویلی سے ہجرت کر جاتے تھے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ عمل صدیوں پرانا ہے موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس بار نقل مکانی کچھ تاخیر سے شروع ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ برفباری کے سبب ہر سال تیراہ میں نقل مکانی ہوتی ہے، اس بار بھی نقل مکانی سے قبل کے پی حکومت اور تیراہ کے عمائدین کے درمیان کامیاب جرگہ ہوا تھا جس کے بعد نوٹی فکیشن جاری کیا گیا۔ یہ بات وزیر دفاع نے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ، وزیر اعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی اور دیگر کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم سے میانمار کے وزیر خارجہ یوتھان سوئے کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے میانمار کے ساتھ تجارت، معیشت، تعلیم، ثقافت، استعداد کار میں اضافے اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے فروغ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے کی قیمت میں کمی ریکارڈ، فی تولہ کتنے کا ہو گیا؟

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی و مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں کمی اور چاندی کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی سطح پر سونے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ مریم نواز کے پنجاب میں آتشزدگی کے واقعات سے بچاؤ کیلئے اہم فیصلے

وزیر اعلیٰ نے ویڈیو لنک پر کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز سے خطاب کیا، مریم نواز نے صوبے کے 9 ڈویژن کے 1197 مقامات پر واٹر ہائیڈرنٹ نصب کرنے کی ہدایت کی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، آتشزدگی کے واقعات سے بچاؤ کے لئے اہم فیصلے کئے گئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ویڈیو لنک پر کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز سے خطاب کیا، اہم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم بھی اگر غیر قانونی احکامات دے تو سول سرونٹس ماننے کے پابند نہیں، جسٹس ہاشم کاکڑ

تین رکنی بینچ نے اوجی ڈیل سی ایل میں غیر قانونی بھرتیوں سے متعلق کیس پر سماعت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ کے جج جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے ہیں کہ وزیر اعظم بھی اگر غیر قانونی احکامات دے تو سول سرونٹس ماننے کے پابند نہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اوجی ڈیل سی ایل میں غیر قانونی بھرتیوں سے متعلق کیس پر سماعت کی۔ نیب کے وکیل نے عدالت میں بتایا کہ اوجی ڈی سیل ایل میں اوور اسٹاف بھرتیاں کی گئیں، سابق وزیر انور سیف اللہ کی جانب سے چیئرمین

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر کی نگرانی میں عباسیہ چوک میں سڑک کی بحالی کیلئے پیچ ورک کا کام کا آغاز

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے تحصیل احمد پور شرقیہ کے حالیہ تفصیلی وزٹ کے مثبت نتائج آنا شروع ہو گئے، شہریوں کی جانب سے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کا خیر مقدم اور اظہار تشکر

اوچ شریف: اسسٹنٹ کمشنر کی نگرانی میں عباسیہ چوک کی سڑک کی مرمت جاری۔

احمد پور شرقیہ + اوچ شریف (نامہ نگار + کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر کی براہ راست نگرانی میں عباسیہ چوک میں سڑک کی بحالی کے لیے پیچ ورک کا کام باقاعدہ طور پر شروع کر دیا گیا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے ہفتہ کے روز کیے گئے دورے کے دوران سڑک کی خستہ حالی کا نوٹس لیتے ہوئے فوری مرمتی کام کا حکم دیا گیا تھا، جس پر عمل درآمد کرتے ہوئے تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عباسیہ چوک شہر کا اہم اور مصروف ترین مقام ہے جہاں خراب سڑک کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن (ترمیمی) بل 2025 منظور

بل کے تحت چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر کی حد 65 سال تک کرنے کی ترمیم منظور کر لی اور پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ایکٹ 2014 میں ترمیم کی جائے گی، ترمیمی بل حکومتی رکن اسمبلی امجد علی جاوید نے پیش کیا تھا

امجد علی جاوید کا کہنا تھا چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر کے حوالے سے پہلے حد عمر موجود نہیں تھی، کوئی سو سال تک چیئرمین رہنا چاہے تو رہ سکتا ہے، اس وقت چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر 75 سال ہے، قدرت کا ایک نظام ہے وقت کے ساتھ ساتھ انسان کے اعضا کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب اسمبلی میں دی پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن (ترمیمی) بل 2025 منظور کر لیا گیا۔ بل کے تحت چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر کی حد 65 سال تک کرنے کی ترمیم منظور کر لی اور پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ایکٹ 2014 میں ترمیم کی جائے گی، ترمیمی بل حکومتی رکن اسمبلی امجد علی جاوید نے پیش کیا تھا۔ امجد علی جاوید کا کہنا تھا چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر کے حوالے سے پہلے حد عمر موجود نہیں تھی، کوئی سو سال تک چیئرمین رہنا چاہے تو رہ سکتا ہے، اس وقت چیئرمین پی ایچ ای سی کی عمر 75 سال ہے، قدرت کا ایک نظام ہے وقت کے ساتھ ساتھ انسان کے اعضا کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمر کی قدغن لگائی جانی چاہیے کیوں کہ چیئرمین نے سارے سسٹم کو دیکھ کر فیصلے لینے ہوتے ہیں، کچھ لوگ اپنے آپ کو ناگزیر سمجھتے ہیں جبکہ قبرستان ناگزیر لوگوں سے بھرے پڑے ہیں،

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاً پولیس کے شہدا کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام

بہاولپور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاً پولیس کے شہدا کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور دی جنریشن گرومر سکول بہاولپور اور المدلیب کے مابین

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مبارک پور: باراتیوں سے بھری بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی خواتین اور بچوں سمیت تقریباً 25 افراد زخمی

باراتی دو بسوں میں سوار ہو کر بہاولپور کی جانب جا رہے تھے کہ راستے میں دونوں بسوں کے ڈرائیوروں کے درمیان مقابلہ بازی شروع ہو گئی

تیز رفتاری کے باعث ایک بس بے قابو ہو کر مبارکپور گرڈ اسٹیشن کے قریب الٹ گئی، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی

مبارک پور: تیز رفتاری کے باعث مزدا بس الٹ جانے پر براتی زخمی ہو گئے جنہیں ریسکیو ٹیم طبی امداد فراہم کرتے ہوئے۔

مبارک پور (نامہ نگار) باراتیوں سے بھری بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت تقریباً 25 افراد زخمی ہو گئے، جبکہ ایک خاتون کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ تفصیلات کے مطابق مبارک کے نواحی علاقہ موضع غلام علی چنڑ سے باراتی دو بسوں میں سوار ہو کر بہاولپور کی جانب جا رہے تھے کہ راستے میں دونوں بسوں کے ڈرائیوروں کے درمیان مقابلہ بازی شروع ہو گئی۔ تیز رفتاری کے باعث ایک بس بے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شمس محل کے ملازمین کو میرے خاندان کے فرد کی حیثیت حاصل ہے

مخدوم سید افتخار حسن گیلانی

دربار عالیہ حضرت محبوب سبحانی ہمیشہ محبت، رواداری اور خدمت خلق کا مرکز رہا ہے جہاں بلا تخصیص ہر کسی کی عزت نفس کا خیال رکھا جاتا ہے، سجادہ نشین کی اپنے صاحبزادگان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو

اوچ شریف: مخدوم الملک مخدوم سید افتخار الحسن گیلانی شمس محل میں ولی عہد مخدوم زادہ سید عمر رضا گیلانی اور مخدوم سید احمر رضا گیلانی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے۔

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) مخدوم الملک مخدوم سید افتخار الحسن گیلانی، سابق ایم پی اے و سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت محبوب سبحانی رحم اللہ علیہ، نے شمس محل میں اپنے ولی عہد مخدوم زادہ سید عمر رضا گیلانی اور مخدوم سید احمر رضا گیلانی کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی بینک کا پاکستان میں ٹیکس نظام میں بہتری اور ٹیکس بیس بڑھانے پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) عالمی بینک نے جنوبی ایشیا میں ترقی کے موضوع پر رپورٹ جاری کی جس میں پاکستان میں ٹیکس نظام میں بہتری اور

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جاپان بین الاقوامی نظم و نسق کی خلاف ورزی کر رہا ہے، چین سفیر

اقوام متحدہ (سی ایم لنکس) اقوام متحدہ میں چین کے نائب مستقل نمائندے سن لی نے کہا ہے کہ جاپان بین الاقوامی نظم و نسق کی خلاف ورزی کر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریجنل پولیس آفیسر غازی صلاح الدین کی تھانہ مسافر خانہ میں کھلی کچہری

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب بھی ہمراہ تھے

بہاولپور (پ ر) ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی صلاح الدین نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے ہمراہ تھانہ مسافر خانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچیری میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ آر پی او غازی صلاح الدین اور ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے شہریوں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو بہاولپور کیپٹن (ر) طیب سمیع خان کی زیر صدارت ایک خصوصی اجلاس

جس میں رمضان المبارک کے دوران ریلیف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ماہ رمضان کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے ضلع بہاولپور میں جامع اور مؤثر انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو بہاولپور کیپٹن (ر) طیب سمیع خان کی زیر صدارت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی آئینی عدالت نے سپر ٹیکس کیس کا فیصلہ جاری کر دیا

چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے فیصلہ پڑھ کر سنایا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے سپر ٹیکس سے متعلق کیس کا محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کر دیا۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایم کیو ایم رہنماؤں سے سیکیورٹی واپس نہیں لی گئی، وزیر داخلہ سندھ

مصطفیٰ کمال اور خالد مقبول اسلام آباد میں ہیں

کراچی (سی ایم لنکس) وزیر داخلہ سندھ ضیا لنجار نے ایم کیو ایم رہنماؤں سے سیکیورٹی واپس لینے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن افراد کو

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سپرنگ سیمسٹر 2026 کی پہلی میرٹ لسٹ کے آویزاں ہونے کے بعد طلبا و طالبات مرکزی داخلہ مرکز میں ایڈمیشن فائل جمع کروا رہے ہیں۔

اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سپرنگ سیمسٹر 2026 کی داخلہ مہم جاری

اس سلسلے میں پہلی میرٹ لسٹ آویزاں کر دی گئی ہے۔

بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سپرنگ سیمسٹر 2026 کی داخلہ مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں پہلی میرٹ لسٹ آویزاں کر دی گ ء ہے۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی خصوصی ہدایت پر یونیورسٹی کا مرکزی داخلہ مرکز عباسیہ کیمپس میں کھول دیا گیا ہے۔ طلبا و طالبات

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ایڈوائزر صوبائی محتسب غازی امان اللہ خان ڈیرہ بکھا میں کھلی کچہری کے دوران عوامی مسائل کی سماعت کر رہے ہیں۔

سی سی ڈی کے انسپکٹر فرحان حسین کے والد حاجی اقبال حسین زرگر مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

صاحبزادہ گزین میاں عباسی، ایس ایچ او صدر محمد طاہر اقبال، سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) بہاولپور میں تعینات سی سی ڈی کے انسپکٹر فرحان حسین ارشد حسین زرگر امجد حسین زرگر فیض حسین اور اشرف حسین زرگر کے والد راتھو پینک ڈاکٹر افتاب حسین مغل پروفیسر ڈگری کالج پروفیسر شاہد حسین مغل اور زاہد حسین کے ماموں حاجی اقبال حسین زرگر مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی امام بارگاہ فیض پختون محلہ باکھری احمد پور شرقیہ میں منعقد ہوئی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایس ایچ او سی ڈی فرحان حسین کے والد مرحوم اقبال حسین زرگر کی قرآن خوانی کے موقع پر احسان اللہ راحت ایس ایچ او طاہر اقبال سید تنویر بخاری و دیگر کی شرکت، جبکہ مرحوم کے بڑے صاحبزادے ارشد حسین کی دستار بندی کی جا رہی ہے۔

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ و مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام سالانہ یوم فتح ختم نبوت ص کانفرنس

7 فروری بروز ہفتہ بعد نماز مغرب جامع مسجد شہدا ختم نبوت چوک المعروف چوک بازار میں منعقد ہوگی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ تحصیل و ٹی و مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام سالانہ یوم فتح ختم نبوت ص کانفرنس 7 فروری بروز ہفتہ بعد نماز مغرب جامع مسجد شہدا ختم نبوت چوک المعروف چوک بازار میں منعقد ہوگی کانفرنس سے انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے مرکزی امیر مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم۔ پی۔ اے، پیر سید مولانا محمد ابوبکر شاہ، مرکزی رہنما

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موضع دودا نانچ، تھانہ پکالاڑاں کی حدود میں غریب مزدور محمد واجد چانڈیہ کی چار قیمتی بھینسیں چوری

علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ علاقے میں چوری کی وارداتیں روز کا معمول بنتی جا رہی ہیں

شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واجد چانڈیہ کے چاروں جانور فوری طور پر بازیاب کروائے جائیں

جن پور (نامہ نگار) موضع دودا نانچ، تھانہ پکالاڑاں کی حدود میں ایک افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا جہاں انتہائی غریب مزدور محمد واجد چانڈیہ کی رات کی تاریکی میں چار قیمتی بھینسیں نامعلوم چور چرا کر لے گئے، جن کی مجموعی مالیت تقریباً بیس لاکھ روپے بتائی جا رہی ہے۔ واجد چانڈیہ کا کہنا ہے کہ وہ محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہے اور یہی چار بھینسیں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور کی زیر صدارت فائر سیفٹی اقدامات سے متعلق ایک اہم اجلاس

اجلاس میں شہر بھر میں فائر سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا گیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت فائر سیفٹی اقدامات سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن "محفوظ پنجاب" کے تحت منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں شہر بھر میں فائر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلع بہاول پور کے سیلاب سے شدید متاثرہ علاقوں میں معاشی بحالی کا ایک مثر پروگرام شروع کر دیا

اس پروگرام کے تحت سیلاب کی تباہ کاریوں سے متاثر ہونے والے 30 مستحق چھوٹے کاروباری افراد میں نقد مالی امداد تقسیم کی گئی

تاکہ وہ اپنے روزگار کے ذرائع کو دوبارہ فعال بنا سکیں

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ایل پی پی) لودھراں پائلٹ پروجیکٹ (نے کونسرن ورلڈ وائیڈ کے اشتراک اور ایف سی ڈی او) برطانیہ کے بین الاقوامی ترقیاتی ادارے (کی مالی معاونت سے ضلع بہاول پور کے سیلاب سے شدید متاثرہ علاقوں میں معاشی بحالی کا ایک مثر پروگرام شروع کر دیا۔ اس پروگرام کے تحت سیلاب کی تباہ کاریوں سے متاثر ہونے والے 30 مستحق

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: سیلاب متاثرین کی معاشی بحالی ایل پی پی اور ایف سی ڈی او کے تعاون سے بہاولپور میں 30 چھوٹے کاروباری افراد میں نقد امداد تقسیم۔

موضع گوٹھ ماہی اور موضع محمد ڈاھا کو میونسپل کمیٹی لیاقت پور میں شامل

اس اپیل کی وکالت محمد سمیع اللہ خان ایڈوکیٹ اور اختر خان گبول ایڈوکیٹ جام محمد زبیر ایڈووکیٹ نے کی

اللہ آباد (نامہ نگار) رئیس سعید احمد اور حاجی اسلم آرائیں کی اپیل پر کمشنر بہاول پور نے موضع گوٹھ ماہی اور موضع محمد ڈاھا کو میونسپل کمیٹی لیاقت پور میں شامل کر لیا گیا اس سے قبل ابتدائی حلقہ بندی میں موضع چوہدری اور دیگر چکوک کو شامل کیا گیا تھا۔ اس اپیل کی وکالت محمد سمیع اللہ خان ایڈوکیٹ اور اختر خان گبول ایڈوکیٹ جام محمد زبیر ایڈووکیٹ نے کی۔ ان موضعات کی سیاسی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنمنٹ سکول محراب والا کے قریب 54 سالہ خاتون سکینہ بی بی کی خودکشی کی مبینہ کوشش

خاتون نے خود پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا لی جس کے نتیجے میں ان کا جسم تقریباً 60 فیصد جھلس گیا اور حالت تشویشناک ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) گورنمنٹ سکول محراب والا کے قریب 54 سالہ خاتون سکینہ بی بی نے مبینہ طور پر خودکشی کی کوشش کی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق خاتون نے خود پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا لی جس کے نتیجے میں ان کا جسم تقریباً 60 فیصد جھلس گیا اور حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی، متاثرہ خاتون کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور بعد ازاں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ میں دباغ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ 04 فروری 2026 بروز بدھ منعقد ہوگا

کیمپ کی نگرانی معروف عالم دین مفتی محمد آفتاب خالق کریں گے کیمپ کا وقت صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک مقرر کیا گیا ہے

چنی گوٹھ (نامہ نگار) دباغ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام چنی گوٹھ میں ایک روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس فلاحی کیمپ کا اہتمام احمد دباغ بانی و نگران ورلڈ بیس مشن کی جانب سے کیا جا رہا ہے۔ فری آئی کیمپ 04 فروری 2026 بروز بدھ مدرسہ درس عیدگاہ، چنی گوٹھ اسٹیشن میں منعقد ہوگا، جبکہ کیمپ کی نگرانی معروف عالم دین مفتی محمد آفتاب خالق کریں گے۔ کیمپ کا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب غازی امان اللہ خان کی ڈیرہ بکھا میں کھلی کچہری

کھلی کچہری کے دوران انھوں نے عوامی مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کیے

شہریوں نے صوبائی محکموں آپاشی، بیت المال، محکمہ ریونیو، پولیس، ہسپتال، ضلع کونسل، بلڈنگ اور لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے شکایات پیش کیں

بہاول پور (پ ر) ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب غازی امان اللہ خان نے تحصیل صدر بہاولپور کی یونین کونسل ڈیرہ بکھا کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری کے دوران انھوں نے عوامی مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے صوبائی محکموں آپاشی، بیت المال، محکمہ ریونیو، پولیس، ہسپتال،

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

کانفرس کرتے ہوئے کہی۔خواجہ آصف نے کہا کہ خیبر کے سرحدی علاقوں بالخصوص وادی تیراہ میں موسم سرما کے دوران نقل مکانی کوئی نیا یا غیر معمولی عمل نہیں بلکہ یہ صدیوں سے جاری ایک معمول ہے، جس کا تذکرہ برطانوی دور کے گزٹیئرز میں بھی موجود ہے، اس مائیگریشن کا پاک فوج کے کسی آپریشن سے کوئی تعلق نہیں، جبکہ صوبائی حکومت اپنی ناکامیوں کا ملبہ فوج اور وفاق پر ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ جڑی تمام وادیوں میں شدید برف باری کے باعث ہر سال چند ماہ کے لیے نقل مکانی ہوتی ہے لوگ اپنے گھروں میں ایک دو افراد چھوڑ کر نسبتاً محفوظ علاقوں کی جانب منتقل ہو جاتے ہیں، جو ایک فطری اور تاریخی عمل ہے، اسی تناظر میں 11 دسمبر کو ایک جرگہ منعقد ہوا جس میں 12 سے 13 مشران شریک تھے یہ جرگہ نہ صرف صوبائی حکومت بلکہ ٹی ٹی پی کے نمائندوں سے بھی ملا، صوبائی حکومت کے ساتھ مذاکرات کے بعد مائیگریشن پیکیج طے پایا اور اس حوالے سے باقاعدہ دستاویزات بھی موجود ہیں، نقل مکانی کا نوٹیفکیشن کے پی حکومت اور جرگہ کی مشاورت سے جاری ہوا مگر نقل مکانی کو بحران قرار دینے کی کوشش ہو رہی ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ اس تمام عمل میں فوج یا وہاں تعینات دفاعی اداروں کا کوئی کردار نہیں، مذکورہ علاقے میں کئی سال قبل آپریشن ہوا تھا جس کے بعد فوج نے آئی ڈی پیز کی واپسی کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقے سے آپریشن ختم کر دیا آج صورتحال یہ ہے کہ وہاں نہ اسپتال ہیں، نہ اسکول اور نہ ہی تھانہ، جبکہ جرگے کے ساتھ یہ طے پایا تھا کہ ان بنیادی سہولیات کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ علاقے میں سول لا انفورسمنٹ کی کوئی موجودگی نہیں، شدید سردی کے باعث وہاں مستقل رہائش مشکل ہو جاتی ہے۔انہوں نے انکشاف کیا کہ اس علاقے میں تقریباً 12 ہزار ایکڑ رقبے پر ہیمپ (بھنگ) کی کاشت ہو رہی ہے جس سے بھاری منافع حاصل ہوتا ہے اس سے تیار ہونے والی ادویات اور آمدنی یا تو بااثر سیاسی افراد یا ٹی ٹی پی کی جیب میں جاتی ہے اور یہی اصل مسئلے کی جڑ ہے وفاقی حکومت اس نظام کو بدلنے کے لیے اسکول، تھانے اور ریاستی رٹ قائم کرنا چاہتی ہے، جس کی مخالفت کی جا رہی ہے۔خواجہ آصف نے الزام لگایا کہ صوبائی حکومت کے بعض عناصر کے مفادات ٹی ٹی پی کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، اسی لیے وہ اس معاملے کو متنازع بنا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ سویلین حکومت اور جرگہ مل کر مسئلہ حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جبکہ صوبائی حکومت اپنی نااہلی چھپانے کے لیے ایک ایسے آپریشن کو مورد الزام ٹھہرا رہی ہے جس کا وجود ہی نہیں۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ تیراہ ویلی مکمل طور پر برف میں ڈھک جاتی ہے، جہاں رہائش ناممکن ہو جاتی ہے، اسی لیے نقل مکانی ناگزیر ہوتی ہے تاہم انہوں نے واضح کیا کہ علاقے میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں جاری رہیں گی۔ان کا کہنا تھا کہ جرگے میں شامل مشران علاقے کے معتبر لوگ ہیں اور امن وہاں کے عوام کا بنیادی حق ہے، یہی وہ عناصر ہیں جنہیں 22-2021 میں افغانستان سے لا کر بسایا گیا، جو زیادہ تر بارڈر ایریاز میں موجود ہیں اور مقامی افراد سے بھتہ وصول کرتے ہیں۔انہوں نے یہاں تک کہا کہ چند سال قبل یہ بھتہ اسلام آباد تک بھی پہنچ رہا ہوگا۔فاٹا انضمام کے حوالے سے وزیر دفاع نے واضح کیا کہ اسے واپس لینے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو تین برس میں دہشت گردی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور افغانستان میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کئی گنا بڑھ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی کابل اور قندھار میں الگ الگ پالیسی فرنچائزز ہیں، جبکہ پاکستان نے افغان حکومت سے پانچ بار مذاکرات کیے۔آخر میں خواجہ آصف نے کہا کہ اگر وادی تیراہ میں امن اور سہولیات کا فقدان ہے تو اس کی بنیادی ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوتی ہے تاہم وفاقی حکومت ہر ممکن وسائل کے ساتھ صوبائی حکومت کی مدد کے لیے تیار ہے اور نقل مکانی کرنے والوں کی مشکلات دور کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے اس موقع پر برطانوی دور کے آفیشل گزٹیئر کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ 1880 میں بھی لکھا گیا تھا کہ خیبر کے آفریدی اور اکا خیل قبائل سردیوں میں تیراہ ویلی سے ہجرت کر جاتے تھے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ عمل صدیوں پرانا ہے موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس بار نقل مکانی کچھ تاخیر سے شروع ہوئی۔وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی نے سوال اٹھایا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ چار ارب روپے کے پیکیج میں سے متاثرہ افراد کو حقیقت میں کتنا ملا؟ انہوں نے کہا کہ ڈی سی کے مطابق یہ نقل مکانی رضاکارانہ ہے اور پاک فوج یا وفاقی حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ ان لوگوں کو 8 فروری کے احتجاج میں سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 02

مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے میانمار کے وزیر خارجہ یو تھان سوئے نے ملاقات کی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی طارق فاطمی بھی ملاقات میں موجود تھے۔وزیرِ اعظم نے بالخصوص انسانی سمگلنگ کے خلاف کارروائی میں میانمار کے تعاون اور پاکستان کے ا?سیان کے ساتھ روابط کے فروغ کے لئے میانمار کی حمایت کو سراہا۔میانمار کے وزیر خارجہ نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور میانمار کی قیادت کی جانب سے نیک تمناؤں اور خیرسگالی کے پیغامات پہنچاتے ہوئے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعلقات کے فروغ کی خواہش کا اظہار کیا۔میانمار کے وزیر خارجہ نے گزشتہ سال 28 مارچ میں تباہ کن زلزلے کے بعد پاکستان کی بروقت امداد پر بھی وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 03

کی قیمتوں میں کریکشن کے باعث سونے کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی تاہم اسکے برعکس چاندی کی قیمتوں میں اضافے کا تسلسل برقرار رہا۔بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں تین روزہ وقفے کے بعد فی اونس سونے کی قیمت 15 ڈالر کی کمی سے 5 ہزار 082 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1 ہزار 500 روپے کی کمی سے 5 لاکھ 30 ہزار 562 روپے کی سطح پر آگئی۔فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 1 ہزار 286 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 54 ہزار 871 روپے کی سطح پر آگئی۔اسی طرح فی عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 2 ڈالر 12 سینٹس کے اضافے سے 111 ڈالر 65 سینٹس کی بلند ترین سطح پر آنے سے مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت 212 روپے کے اضافے سے 11 ہزار 640 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت بھی 182 روپے کے اضافے سے 9 ہزار 979 روپے کی بلند ترین سطح پر آگئی ہے۔

بقیہ نمبر 04

باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور حادثات کے خدشات لاحق تھے۔جاری کام مکمل ہونے کے بعد نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی بلکہ شہریوں کو محفوظ اور سہل آمد و رفت کی سہولت بھی میسر آئے گی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ نے متعلقہ محکموں کے افسران اور ٹھیکیدار کو واضح ہدایات جاری کیں کہ تعمیراتی کام مقررہ معیار، شفافیت اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مرمتی کام کے دوران شہریوں کی روزمرہ نقل و حرکت میں کم سے کم خلل پڑے اور متبادل راستوں کا مناسب انتظام یقینی بنایا جائے۔شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ شہر کے دیگر خستہ حال سڑکوں کی بھی جلد مرمت کی جائے گی تاکہ عوامی مشکلات کا مستقل حل نکالا جا سکے

بقیہ نمبر 05

OGCL کو تقرری لیٹرز جاری کرنے کا کہا گیا، نوکریوں کے اپوائنٹمنٹ لیٹر بھی وفاقی وزیر کے آفس بھجوائے گئے، بھرتیوں کا طریقہ کار اشتہار کے ذریعے ہونا چاہیے تھا۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ ہر سرکاری ادارے میں اوور بھرتیاں ہیں، وزیر اعظم بھی اگر غیر قانونی احکامات دے تو سول سرونٹس ماننے کے پابند نہیں جس پر نیب وکیل نے کہا کہ سول سرونٹ اگر احکامات ماننے سے انکار کرے تو اس پر عذاب آجاتا ہے۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ 'بادشاہ تو نہیں، بس آرڈر کر دیا'، ہر سرکاری ادارے میں اوور اسٹاف بھرتیاں ہیں۔جسٹس صلاح الدین پنور نے کہا کہ وزرا سے عوام نوکریاں تو مانگتے ہیں۔سماعت کے دوران بتایا گیا کہ پی آئی اے میں اوور بھرتیوں کی وجہ سے نجکاری کرنا پڑی اور اس وقت بھرتیاں کی گئیں جب احتساب کمیشن کا قانون موجود نہیں تھا۔جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ متعلقہ وفاقی وزیر سزا تو بھگت چکے ہیں۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ سزا کا ایک داغ تو ہے اور پوچھا کہ کیا اتنا کافی نہیں کہ وزیر نے سزا پوری کر لی ہے۔نیب کے وکیل نے عدالت سے درخواست کی کہ نظرثانی خارج کر کے اصل فیصلہ برقرار رکھا جائے۔عدالت نے سابق وزیر کی نظرثانی درخواست پر وکلاء کو تیاری کی ہدایت کر دی۔

بقیہ نمبر 06

احکامات جاری کیے۔مریم نواز نے صوبے کے 9 ڈویژن کے 1197 مقامات پر واٹر ہائیڈرنٹ نصب کرنے کی ہدایت کی، اجلاس میں ریسکیو 1122 میں نیا فائر انسپکٹوریٹ یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔آتشزدگی کے سدباب کیلئے جدید ترین ہائی ایکسپینشن فوم جنریٹر کے استعمال کا فیصلہ کیا گیا، وزیراعلیٰ نے بڑی عمارتوں میں سموگ ڈیٹکٹر، سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کا حکم دیا۔اجلاس میں فرسٹ ایڈ اور آکسیجن سلنڈر بھی بڑی کمرشل عمارتوں میں لازمی قرار دیا گیا، کیمیکل، گتا، کپڑا اور سلنڈر وغیرہ کی مارکیٹ میں آتشزدگی سے نمٹنے کیلئے سپیشلائزڈ ٹریننگ کا فیصلہ کیا گیا۔مریم نواز شریف نے ہر ملٹی سٹوری بلڈنگ میں واٹر ہائیڈرنٹ نصب کرنے کا حکم دیا، ایمرجنسی انخلا کیلئے ہر عمارت میں بیرونی حصے میں ہوادار سیڑھیاں لازمی قرار دی گئیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے واٹر ہائیڈرنٹ کے نرخ لاک کرنے کی ہدایت کی، لاہور کی شاہ عالم مارکیٹ سمیت گنجان مارکیٹوں میں تجاوزات اور رکاوٹیں ختم کرنے، تمام اضلاع میں ہر ماہ آتشزدگی کی تیاری کیلئے فرضی مشقیں کرنے کی ہدایت کی۔مریم نواز شریف نے نجی اور سرکاری بلڈنگ میں آگ بجھانے والے آلات کی موجودگی لازمی قرار دی، ایکسپائری چیک کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے ہدایات پر عمل نہ کرنے پر بلڈنگ سیل، مالکان کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔وزیراعلیٰ پنجاب نے فائر سیفٹی اقدامات پر فوری عملدرآمد شروع کرنے کی ہدایت کی، فائر سیفٹی ڈرل کا باقاعدہ انعقاد کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے کے پی آئیز میں شامل ہوگیا۔

بقیہ نمبر 07

مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب۔تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں خصوصاً پولیس کے شہدا کی فیملیز کو بارعائت اور معیاری تعلیم اور علاج معالجہ کے حصول کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب اور حسن علی احمد مشتاق مینجنگ ڈائریکٹر دی جنریشن گرومر سکول و المحمد لیب بہاولپور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق دی جنریشن گرومر سکول و المحمد لیب میں پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں اور ان کی فیملیز کو خصوصی رعائت پر معیاری تعلیم اور علاج معالجہ کے حصول کے لیے سہولیات مہیا کی جائیں گی۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوان اپنا سروس کارڈ دیکھا کر یا ڈی پی او آفس سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے سہولیات حاصل کرنے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کے لئے بھی عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں اور مختلف اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔مینجنگ ڈائریکٹر دی جنریشن گرومر سکول وسی ای او المحمد لیب نے پولیس کو دی جانی والی سہولیات کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ نمبر 08

ٹیکس بیس بڑھانے پر زور دیا گیا جبکہ عالمی بینک نے ریونیو بڑھانے کے لیے آلودگی کی حوصلہ شکنی کی بھی تجویز دے دی۔عالمی بینک کے مطابق جنوبی ایشیا میں زیر زمین پانی تیزی سے کم ہو رہا ہے، پاکستان دنیا کے سب سے زیادہ پانی کی قلت والے ممالک میں شامل ہے، جہاں ناقص آب پاشی نظام اور غیر مؤثر زرعی طریقوں سے پانی ضائع ہو رہا ہے، پنجاب میں جدید آب پاشی منصوبے سے 57 فی صد پانی کی بچت ہوئی، اور جدید زرعی منصوبوں سے فصلوں کی پیداوار میں 14 سے 31 فی صد اضافہ ہوا۔پاکستان میں بجلی اور گیس سبسڈی کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے منسلک کیا جا رہا ہے، سبسڈی اصلاحات سے غلط تقسیم، مالی نقصان، سرکلر ڈیٹ میں کمی آئے گی، ایندھن پر دی جانے والی سبسڈی کو سماجی تحفظ کے پروگراموں پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔عالمی بینک کا کہنا ہے سیلاب سے متاثرہ چھوٹے کاروباروں کے لیے کلائمٹ رسک فیسلٹی قائم کی جا رہی ہے، بی آئی ایس پی کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مزید مؤثر بنا دیا گیا ہے، کرونا کے دوران بی آئی ایس پی کے ذریعے ایک کروڑ 20 لاکھ خاندانوں کو امداد دی گئی، پاکستان اور مالدیپ میں امداد کے لیے خود رجسٹریشن کی سہولت موجود ہے۔

بقیہ نمبر 09

سسٹم چلتا رہتا ہے۔حکومتی رکن اسمبلی جس نے اتنے بڑے نظام کو چلانا ہے تو اس کے لیے عمر کی حد مقرر ہونی چاہیے، بڑے بڑے ٹیلنٹڈ جوان بھرے پڑے، ان کو موقع ملنا چاہیے، پی ایچ ای سی کا چیئرمین 65 سال سے اوپر نہیں ہونا چاہیے۔بل پنجاب اسمبلی میں متفقہ رائے سے منظور ہوگیا، جب کہ حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے۔

بقیہ نمبر 10

کے مسائل بغور سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری اور موثر حل کے لیے واضح احکامات جاری کیے۔متعدد درخواستوں پر موقع پر ہی کارروائی کرتے ہوئے سائلین کو ریلیف فراہم کیا گیا جبکہ باقی معاملات پر ٹائم لائن مقرر کر کے عملدرآمد کی ہدایات جاری کی گئیں۔اس موقع پر آر پی او غازی صلاح الدین نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان فاصلے کم کرنا، عوامی مسائل کا بروقت ازالہ اور شفاف انصاف کی فراہمی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور غفلت یا ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب نے کہا کہ بہاولپور پولیس عوامی خدمت، میرٹ اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر بلا تاخیر کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور سائلین کو مکمل ریلیف فراہم کیا جائے۔کھلی کچہری کے انعقاد پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس قیادت کے اس اقدام کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ ایسے اقدامات سے عوامی مسائل کے حل میں مزید بہتری آئے گی

بقیہ نمبر 11

ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں رمضان المبارک کے دوران ریلیف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ضلع بہاولپور میں رمضان المبارک کے دوران مجموعی طور پر 48 رمضان نگہبان دسترخوان قائم کیے جائیں گے، جہاں روزانہ ڈھائی سو سے زائد مستحق روزہ داروں کے لیے افطاری کا انتظام کیا جائے گا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع کی ہر تحصیل میں 8 نگہبان رمضان دسترخوان قائم کیے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ یہ رمضان نگہبان دسترخوان ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں، بس اڈوں اور دیگر اہم عوامی مقامات پر قائم کیے جائیں گے، تاکہ مسافروں، مزدوروں اور دیگر روزہ دار شہریوں کو بروقت اور معیاری افطاری کی سہولت فراہم کی جا سکے۔مزید بتایا گیا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں 44 خصوصی آٹا سیل پوائنٹس قائم کیے جائیں گے، جہاں ماہ صیام کے دوران شہریوں کو سستے اور سرکاری نرخوں پر آٹا فراہم کیا جائے گا۔ان اقدامات کا مقصد مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا اور غریب و متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی خلیل احمد، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام، اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ نوید حیدر سمیت دیگر تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور چیف افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔اس کے علاوہ سسٹم نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر عظیم ذیشان اور ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز نعمان مسعود خان، ای اے ڈی اے، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر بھی اجلاس میں موجود تھے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) طیب سمیع خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ رمضان ریلیف اقدامات کو مؤثر، شفاف اور بروقت مکمل کیا جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ تمام سہولیات مستحق افراد تک پہنچیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو رمضان المبارک کے دوران زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 12

رہا ہے۔شنہوا کے مطابق انہوں نے یہ بیان سکیورٹی کونسل میں عالمی قانون پر کھلی بحث کے دوران جاپانی نمائندے کے بیانات کے جواب میں دیا۔چینی سفیر سن لی نے کہا کہ جاپانی نمائندے کے حالیہ بیانات حقائق کو مسخ کرنے اور گمراہ کن ہیں، جس کی چین سخت مخالفت کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تائیوان کی واپسی چین کے لیے دوسری جنگ عظیم کی فتح کے اہم نتائج میں سے ایک تھی اور یہ بعد از جنگ عالمی نظم کا لازمی حصہ ہے۔چینی سفیر نے زور دیا کہ جاپان کی جانب سے بین الاقوامی تعلقات کے بنیادی اصولوں، جیسے ریاست کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، اور اندرونی امور میں مداخلت نہ کرنے، کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بیانات دراصل دوسری جنگ عظیم کے نتائج کو رد کرنے اور بعد از جنگ عالمی نظم کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔سن لی نے جاپان کے پچھلے عسکری اقدامات اور جنگی جرائم کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ کچھ جاپانی سیاستدان اپنی ماضی کی غلطیوں پر کبھی سچائی سے معافی نہیں مانگی، بلکہ ان جرائم کو جھٹلانے اور تاریخ کو مسخ کرنے کی کوشش کی۔جاپان کی عسکری حکمت عملی پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جاپان کی قیادت کا تائیوان کے معاملے میں عسکری دھمکی دینا، جوہری ہتھیاروں کے حصول کی باتیں کرنا، اور قومی سلامتی کے دستاویزات میں تبدیلی کی کوششیں عالمی اور خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں۔سن لی نے جاپان پر زور دیا کہ وہ اپنی ماضی کی غلطیوں کا سنجیدگی سے اعتراف کرے، اشتعال انگیزی بند کرے، اور بین الاقوامی برادری کے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔انہوں نے کہا کہ جاپان نے چین کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی اور تائیوان کے قریب عسکری طاقتیں تعینات کیں، جس سے خطے میں کشیدگی اور فوجی ٹکراؤ کا خطرہ بڑھا ہے۔چینی سفیر نے کہا کہ اگر جاپان واقعی اقوام متحدہ کے چارٹر کی پاسداری کرتا ہے، تو اسے عالمی قانون کی پابندی کرنی چاہیے، اپنی تاریخ کا سامنا کرنا چاہیے اور اشتعال انگیز اقدامات بند کرنے چاہیے۔سن لی نے جاپان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی ماضی کی عسکری غلطیوں کو قبول کرے، غلط بیانات واپس لے اور نئی عسکری پالیسیوں کی تشکیل روک دے تاکہ عالمی اور علاقائی امن کو خطرہ نہ پہنچے۔

بقیہ نمبر 13

ہمراہ میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شمس محل میں کام کرنے والا ہر فرد میرے لیے محض ملازم نہیں بلکہ خاندان کے فرد کی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ چاہے وہ میرا اسیکرٹری ہو یا دیگر عملہ، سب میرے اعتماد، عزت اور محبت کے حقدار ہیں۔میں ہمیشہ اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد کو عزت و احترام دیتا ہوں اور ان کے مسائل کو اپنے مسائل سمجھتا ہوں۔مخدوم الملک نے کہا کہ خدمت، اخلاص اور بھائی چارے کا درس ہمارے بزرگوں کی تعلیمات کا حصہ ہے اور ہم اسی روایت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ دربار عالیہ حضرت محبوب سبحانی ہمیشہ محبت، رواداری اور خدمتِ خلق کا مرکز رہا ہے، جہاں کسی قسم کے امتیاز کے بغیر ہر فرد کو عزت دی جاتی ہے۔مخدوم سید افتخار الحسن گیلانی کا کہنا تھا کہ معاشرے کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم ایک دوسرے کو عزت دیں اور انسانیت کو اولین ترجیح بنائیں۔مزید میڈیا سے گفتگو کے دوران مخدوم زادہ سید عمر رضا گیلانی اور مخدوم سید احمر رضا گیلانی نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ بزرگوں کی تعلیمات کے مطابق عوامی خدمت، اخلاقیات اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 14

قابو ہو کر مبارک پور گرڈ اسٹیشن کے قریب الٹ گئی، جس سے بس میں سوار متعدد افراد زخمی ہو گئے۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔شدید زخمی خاتون سمیت دیگر زخمیوں کو مزید علاج کے لیے قریبی طبی مرکز منتقل کر دیا گیا۔علاقہ مکینوں نے ڈرائیوروں کی غفلت اور تیز رفتاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 15

چھوٹے کاروباری افراد میں نقد مالی امداد تقسیم کی گئی، تاکہ وہ اپنے روزگار کے ذرائع کو دوبارہ فعال بنا سکیں۔تقریب کے موقع پر ایل پی پی کے نمائندگان نے بتایا کہ حالیہ سیلاب نے ہزاروں خاندانوں کو معاشی بدحالی سے دوچار کر دیا تھا، جس میں چھوٹے تاجر اور خود روزگار افراد سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔نقد امداد کا یہ اقدام متاثرین کو فوری سہارا فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں خود کفالت کی راہ پر گامزن کرنے کی عملی کوشش ہے۔امداد حاصل کرنے والے افراد نے ایل پی پی، کونسرن ورلڈ وائیڈ اور ایف سی ڈی او کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس مالی معاونت سے نہ صرف ان کے کاروبار دوبارہ شروع ہوں گے بلکہ ان کے اہل خانہ کے لیے معاشی استحکام کی نئی امید بھی پیدا ہوئی ہے۔اداروں کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں میں انسانی ہمدردی اور پائیدار ترقی کے منصوبے آئندہ بھی جاری رکھے جائیں گے، تاکہ متاثرہ آبادی کو باعزت روزگار، بہتر مستقبل اور خود انحصاری کی جانب لے جایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 16

عدالت جسٹس امین الدین خان نے فیصلہ پڑھ کر سنایا۔سپر ٹیکس کیا ہے؟۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ کیس کے قابل سماعت ہونے پر اعتراضات مسترد کیے جاتے ہیں، انکم ٹیکس آرڈیننس کی سیکشن 4 بی 2015 سے برقرار رکھی جائے گی۔آئینی عدالت نے انکم ٹیکس کا سیکشن 4 بی بحال کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ قانون سازی کے ذریعے لیوی ٹیکس عائد کرنے کی مجاز ہے۔واضح رہے کہ اس سے قبل جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے کہا تھا کہ کوشش کریں گے آج ہی مختصر فیصلہ سنا دیں، آرڈر کا انتظار کریں۔انہوں نے کہا تھا کہ آج ممکن نہ ہوا تو کل مختصر فیصلہ جاری کریں گے۔

بقیہ نمبر 17

وسماجی شخصیات نے کمشنر بہاول پور سے اپیل منظور ہونے پر اور مذکورہ مواضعات میونسپل کمیٹی لیاقت پور میں شامل ہونے کی خوشی میں میاں محمد سمیع اللہ خان ایڈووکیٹ اور اختر خان گبول ایڈووکیٹ کو خراج تحسین پیش کیا اور سرکردہ شخصیات حاجی محمد اکرم وسیر مہر مولاداد رئیس محمد اسلم ملک نذر حسین کھول چوہدری محمد عرفان تاجر سردار اللہ وسایا خان نوناری سردار کوڑے خان عباسی محمد عمران مغل رئیس محمد شانی سمیت دیگر شخصیات کو ہار پہنائے اور مٹھائی بھی تقسیم کی۔

بقیہ نمبر 18

بہاول وکٹوریہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 19

اپنے ایڈمیشن کے لیے مرکزی داخلہ مرکز عباسیہ کیمپس وزٹ کر رہے ہیں۔والدین اور داخلے کے خواہشمند امیدوار بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے داخلوں کے لیے یونیورسٹی وزٹ کر کے اساتذہ، ملازمین اور طلباوطالبات سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔وائس چانسلر نے کہا کہ بہاول پور کے مرکزی کیمپس کے علاوہ رحیم یار خان اور بہاولنگر کیمپسز میں بھی داخلے جاری ہیں تاکہ ان اضلاع کے طلباو طالبات اپنے ہی علاقوں میں معیاری تعلیمی سہولیات حاصل کر سکیں۔یونیورسٹی میں اعلیٰ تدریسی اور تحقیقی معیار کے علاوہ طلباو طالبات کی کردار سازی پر بھی توجہ دی جاتی ہے تاکہ وہ ملکی اور غیر ملکی جاب مارکیٹ میں مقابلہ کر کے اپنی جگہ بنا سکیں۔دریں اثناء یونیورسٹی کی جانب سے داخلے کے لیے مشتہر کیے گئے تعلیمی پروگراموں میں فیکلٹی آف آرٹس اینڈ لینگویجز، فیکلٹی آف سوشل سائنسز، فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرمنٹ، فیکلٹی آف کمپیوٹنگ، فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، فیکلٹی آف میڈیسن اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز، فیکلٹی آف لاء، فیکلٹی آف ایجوکیشن، فیکلٹی آف کیمیکل اینڈ بائیولوجیکل سائنسز، فیکلٹی آف اسلامک اینڈ عرابیک اسٹڈیز، فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز اینڈ کامرس، فیکلٹی آف فزیکل اینڈ میتھمیٹیکل سائنسز میں بی ایس پروگراموں میں داخلے فراہم کیے جا رہے ہیں۔اسی طرح ایم فل کی ڈگری کے خواہشمند امیدواروں کے لیے ویک اینڈ پروگرام بھی شروع کیے گئے ہیں۔اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں بہترین انفراسٹرکچر، ہاسٹلز اور میڈیکل کی سہولیات، محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات اور بڑی تعداد پی ایچ ڈی اساتذہ موجود ہیں۔طلباو طالبات ان اساتذہ کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی پسند کے شعبہ جات میں داخلہ لیں۔داخلے کے لیے آن لائن eportal.iub.edu.pk پر اپلائی کر سکتے ہیں اور یونیورسٹی انفارمیشن سینٹر کے ان نمبروں 034792555503469255555 او0629255580 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

ضلع کونسل، بلڈنگ اور لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے شکایات پیش کیں۔انجمن تاجران کی جانب سے مقامی پیرا فورس کی جانب سے بلاوجہ تنگ کرنے کی شکایات بھی سامنے آئیں۔اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ کونسل کی جانب سے سیوریج لائنوں کی صفائی نہ کیے جانے کے حوالے سے بھی درخواستیں موصول ہوئیں۔ایڈوائزر محتسب پنجاب نے مین چوک میں قائم بند فلٹریشن پلانٹ کے مسئلے پر ڈپٹی ڈائریکٹر صاف پانی کو ہدایت کی کہ مذکورہ شکایت کا فوری ازالہ کر کے رپورٹ دفتر محتسب پنجاب کو پیش کی جائے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ریجنل ایڈوائزر صوبائی محتسب غازی امان اللہ خان نے کہا کہ صوبائی محتسب پنجاب کی ہدایت پر تحصیل کی سطح پر مختلف سرکاری اداروں میں کھلی کچہریوں اور آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جن کا مقصد سرکاری محکموں کے حوالے سے عوام کو درپیش مسائل کا حل اور عوامی آگاہی میں اضافہ کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان آگاہی سیشنز کے مثبت اور دوررس نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ریجنل ایڈوائزر نے دفتر صوبائی محتسب پنجاب کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عوامی دادرسی، شکایات کے بروقت ازالے اور بہتر کارکردگی کے باعث دفتر صوبائی محتسب پنجاب کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ صوبائی محکموں میں بدانتظامی، تاخیر، لاپرواہی اور بدعنوانی سے متعلق شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ شہری بغیر کسی فیس کے سادہ کاغذ پر اپنی درخواست جمع کروا سکتے ہیں، جبکہ شکایات کے ازالے کا دورانیہ 30 سے 45 دن مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ شکایات کنندگان کو کارروائی سے متعلق ایس ایم ایس کے ذریعے باخبر رکھا جاتا ہے اور انہیں بار بار دفتر آنے کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔ریجنل ایڈوائزر صوبائی محتسب بہاولپور غازی امان اللہ خان نے کہا کہ شہریوں کی سہولت کے لیے دفتر صوبائی محتسب پنجاب کی جانب سے شکایات سیل کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 21

وقت صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک مقرر کیا گیا ہے۔کیمپ میں آنکھوں کے مفت معائنے، کمپیوٹرائزڈ آئی ٹیسٹ، مفت ادویات، مستحق افراد کے لیے چشموں کی فراہمی اور گردے کی پتھری کے مریضوں کے لیے مفت دوا بھی مہیا کی جائے گی۔منتظمین کے مطابق اس فلاحی اقدام کا مقصد چنی گوٹھ اور گردونواح کے مستحق اور نادار افراد کو آنکھوں کے امراض کے بروقت اور معیاری علاج کی سہولت فراہم کرنا ہے۔اہل علاقہ سے اپیل کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے اس فلاحی کیمپ سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ نمبر 22

قران خوانی کی تقریب میں ایم پی اے حاجی اقبال حسین زرگر مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قران خوانی پرنسپل سید ذوالقرنین کاظمی اعجاز حسین مغل سرپرست سول سوسائٹی سید علی رضا کاظمی سماجی کارکن جان محمد چوہان ارشاد احمد خان بلوچ زاہد حسین مغل امتیاز حسین زرگر سابق کونسلر مجتبیٰ احمد قریشی علامہ سید رشید الحسن شاہ علامہ سید امجد حسین شمسی علامہ فیضان علی حیدر مولانا سید حسن شاہ سماجی کارکن غلام محمد جی ایم رانا عدنان ایڈوکیٹ سید تصدق حسین شاہ ایڈوکیٹ صدر پریس کلب راشد حسین ہاشمی سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم حاجی اقبال حسین زرگر کے بڑے صاحبزادے ارشد حسین زرگر کی دستار بندی کی گئی اس موقع پر تقریب میں شریک علمائے کرام نے مرحوم کی مغفرت کی دعا کرائی

بقیہ نمبر 23

قانون اور سیکیورٹی کے پیش نظر سیکیورٹی دی گئی ہے وہ فراہم کی جا رہی ہے۔نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال اور خالد مقبول اسلام آباد میں ہیں، کسی بھی شخص کو دی گئی سیکیورٹی واپس نہیں لی گئی۔دوسری جانب آئی جی سندھ نے وفاقی وزراء مصطفیٰ کمال اور ڈاکٹر خالد مقبول کی سیکیورٹی واپس لینے پر لاعلمی کا اظہار کر دیا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی وزراء کل رات سے اسلام آباد میں ہیں، دونوں وزراء کو تھریٹ اسیسمنٹ کمیٹی کی سفارش پر سیکیورٹی دی ہے۔قبل ازیں وفاقی وزیر صحت اور رہنما ایم کیو ایم مصطفیٰ کمال نے کئی ایم کیو ایم رہنماؤں کی سیکیورٹی واپس لینے کی تصدیق کی تھی۔

بقیہ نمبر 24

مولانا قاری محمد رفیق وجھوی نو مسلم پروفیسر ڈاکٹر عامر منیر، مولانا عمر حیات خطاب کریں گے جبکہ اہلسنت والجماعت کے معروف شاعر ملک شہادت علی طاہر نعتیہ کلام پیش کریں گے اور مولانا محمد مکی حجازی آف مکتہ المکرمہ ویڈیو کال پر خطاب کریں گے اور اس کانفرنس کے مہمان خصوصی ایم پی اے صاحبزادہ گزین عباسی ہوں گے

بقیہ نمبر 25

اس کے خاندان کی واحد روزی روٹی کا ذریعہ تھیں۔چوری ہونے والی بھینسوں سے حاصل ہونے والا دودھ ہی اس کے گھر کے اخراجات پورے کرتا تھا، مگر اس واردات کے بعد اس کا پورا نظام زندگی درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔واقعے کے بعد اہل علاقہ میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے اور شہریوں نے تھانہ پکالاڑاں کی کارکردگی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ علاقے میں چوری کی وارداتیں روز کا معمول بنتی جا رہی ہیں مگر پولیس کی جانب سے نہ تو گشت بڑھایا گیا اور نہ ہی مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔مقامی شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واجد چانڈیہ کے چاروں جانور فوری طور پر بازیاب کروائے جائیں، چوروں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے اور غریب شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 26

سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ فائر سیفٹی ایس او پیز پر فوری اور مؤثر عملدرآمد کروایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ ملٹی اسٹوری بلڈنگز، بلند و بالا عمارتوں اور کمرشل مارکیٹس میں 30 دن کے اندر اندر فائر ہائیڈرینٹس کی تنصیب ہر صورت یقینی بنائی جائے۔تمام اونچی عمارتوں میں فائر ہائیڈرینٹس، فائر الارمز اور ایمرجنسی ایگزٹ قائم کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔اجلاس میں میپکو کو شہر بھر میں لٹکتی ہوئی اور خطرناک بجلی کی تاریں فوری طور پر ہٹانے کا حکم دیا گیا۔اس کے علاوہ تمام کمرشل عمارتوں اور پلازوں میں بیرونی ہنگامی سیڑھیوں کی موجودگی کو لازمی قرار دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بڑی عمارتوں اور پلازوں میں سیفٹی مینیجر اور ایمرجنسی ریسپانس ٹیم کا ہونا ناگزیر ہے۔اجلاس میں مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا گیا کہ عمارتوں میں سی سی ٹی وی کیمرے، اسموک ڈیٹیکشن سسٹم، فرسٹ ایڈ باکس اور آکسیجن سلنڈر موجود ہونے چاہئیں۔بیسمنٹ میں خطرناک مواد رکھنے، گیس سلنڈر ذخیرہ کرنے، بوائلر یا کچن لگانے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔بوائلرز کی باقاعدہ انسپکشن اور ان کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتا نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے کہا کہ فائر ڈرلز اور موک ایکسرسائز کا باقاعدگی سے انعقاد کیا جائے جبکہ بازاروں میں تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ بازاروں اور کمرشل مارکیٹس کے داخلی و خارجی راستے ہر صورت کھلے ہونے چاہئیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ریسپانس ممکن ہو۔ڈی سی سید حسن رضا نے کہا کہ فائر سیفٹی اقدامات مکمل کیے بغیر کسی بھی عمارت کو تعمیر کے لیے این او سی جاری نہیں کیا جائے گا۔کپڑا مارکیٹ، پلاسٹک مارکیٹ، گتہ مارکیٹ، لکڑی منڈی، غلہ منڈی اور ایل پی جی دکانوں میں آگ بجھانے کے آلات اور فائر ہائیڈرینٹس کی موجودگی لازمی قرار دی گئی ہے۔تمام فائر فائٹنگ آلات کو ہر وقت فنکشنل رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اجلاس میں بلڈنگ بائی لاز اور فائر سیفٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد، ایل پی جی کی غیر قانونی ری فلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں تمام محکموں کے فوری رسپانس کو یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد طیب، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر باقر حسین، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی خلیل احمد، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ شام اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ دیگر تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

ریاستی رٹ اور بھٹہ مافیا قانون کس کے لیے؟

تحریر۔۔۔۔جاوید مغل قلزم نیوز گروپ پاکستان

مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام کے لیے گھر کی تعمیر اب خواب بنتی جا رہی ہے، اور اس خواب کو سب سے زیادہ مہنگا کرنے میں اینٹوں کی بے قابو قیمتیں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔حکومتِ پنجاب کی جانب سے اول درجے کی اینٹ کی قیمت 8500 روپے فی ہزار مقرر کیے جانے کے باوجود ضلع بہاول پور بالخصوص احمد پور شرقیہ۔اوچ شریف اور گردو نواح میں یہ نرخ محض کاغذی کارروائی بن کر رہ گئے ہیں۔میدانی حقائق اس کے برعکس ہیں۔علاقے کے تقریباً تمام بھٹوں پر اینٹیں 13000 سے 13500 روپے فی ہزار کے حساب سے فروخت کی جا رہی ہیں، جبکہ سرکاری نرخ نامے کہیں دکھائی نہیں دیتے۔اس سے بھی زیادہ تشویشناک پہلو یہ ہے کہ خریدار کو دی جانے والی پرچی پر صرف اینٹوں کی تعداد درج کی جاتی ہے، قیمت تحریر نہیں کی جاتی۔اگر کوئی شہری قیمت کے ساتھ بل طلب کرے یا اضافی نرخوں پر اعتراض اٹھائے تو اسے مختلف حیلوں بہانوں سے اینٹوں کی فراہمی سے محروم کر دیا جاتا ہے، اور عموماً یہ جواز پیش کیا جاتا ہے کہ اینٹیں ختم ہو چکی ہیں۔یہ طرزِ عمل نہ صرف صارفین کے حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ ریاستی قوانین اور حکومتی احکامات کی کھلی نفی بھی ہے۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا بھٹہ مالکان اتنے طاقتور ہو چکے ہیں کہ سرکاری نرخ ان پر لاگو ہی نہیں ہوتے؟ یا پھر ضلعی و تحصیل انتظامیہ قانون پر عمل درآمد کرانے میں عملی طور پر ناکام دکھائی دے رہی ہے؟ ریاستی نظام میں قیمتوں کا تعین کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جبکہ ان قیمتوں پر عمل درآمد کرانا ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کا بنیادی فریضہ۔اگر سرکاری مقررہ نرخوں کے باوجود عوام کو من مانے دام ادا کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یا تو نگرانی کا نظام غیر مؤثر ہے یا پھر مافیا کے سامنے کمزور پڑ چکا ہے۔عوامی اور سماجی حلقوں کی جانب سے اس صورتحال پر شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ جب روزمرہ استعمال کی اشیا کی طرح اینٹ بھی ضابطے اور قانون کے دائرے میں آتی ہے تو پھر اس پر عمل درآمد کیوں ممکن نہیں؟ تعمیراتی شعبے سے وابستہ مزدور، متوسط طبقہ اور چھوٹے سرمایہ کار سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، مگر ان کی آواز سننے والا کوئی دکھائی نہیں دیتا۔یہ امر باعثِ تشویش ہے کہ اگر آج اینٹوں کے نرخوں پر ریاستی رٹ قائم نہیں کی جا سکتی تو کل دیگر شعبوں میں بھی یہی صورتحال جنم لے سکتی ہے۔عوامی اعتماد اسی وقت بحال ہو سکتا ہے جب قانون کی عمل داری بلا امتیاز نظر آئے۔اس ضمن میں عوام کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر بہاول پور اور اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ سے پرزور اپیل کی جا رہی ہے کہ وہ فوری طور پر اس سنگین معاملے کا نوٹس لیں، بھٹوں پر سرکاری نرخ ناموں کی نمایاں نمائش، قیمت کے ساتھ بل کے اجرا، اور زائد وصولی میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنائیں۔ریاستی رٹ محض بیانات سے قائم نہیں ہوتی، اس کے لیے عملی اقدامات درکار ہوتے ہیں۔اگر بروقت اور سخت فیصلے نہ کیے گئے تو یہ تاثر مزید مضبوط ہوگا کہ قانون کمزور اور مافیا طاقتور ہے، جو کسی بھی مہذب اور ذمہ دار ریاست کے لیے نیک شگون نہیں۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ